This question paper consists of 27 questions [Section–A (17) + Section–B (5+5)] and 9 printed pages.

اس سوالنامے میں کل 27 سوالات [حصہ (الف) میں (17) + حصہ (ب) میں (5+5)] اور 9 چھپے اوراق ہیں۔

Roll No. | | | | | | | | | | | | | Code No. 56/SS/A/U

Set **A**

URDU

(اُردو)

(306)

Day and Date of Examination ----------

Signature of Invigilators 1. ----------

2. ----------

General Instructions :

1. Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the Question Paper.
2. Please check the question paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.
3. Making any identification mark in the Answer-Book or writing Roll Number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.
4. Write your Question Paper Code No. 56/SS/A/U, Set **A** on the Answer-Book.

ہدایات :

1- طالب علم کو سوالنامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

2- مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجئے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجئے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

3- طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

4- اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر **A** 56/SS/A/U, Set کو لکھئے۔

URDU

(اُردو)

(306)

Maximum Marks : 100 | Time : 3 Hours

کل مارکس : 100 | وقت : 3 گھنٹے

Note : (i) This Question Paper consists of *two* Sections, viz., 'A' and 'B'.

(ii) *All* questions from Section—A are to be attempted.

(iii) Section—B has two options. Candidates are required to attempt questions from *one option* only.

نوٹ : (i) یہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے — حصہ (الف) اور حصہ (ب)۔

(ii) حصہ (الف) کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) حصہ (ب) میں دو اختیاری [Option] سوالات ہیں۔ آپ کو ان میں سے کسی ایک Option کا جواب دینا ہے۔

SECTION—A

حصہ (الف)

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے اور دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے : 6

مگر بی اماں کا دستور نہ ٹوٹا۔ وہ اسی طرح روز دوپہر کو سہ داری میں رنگ برنگے کپڑے پھیلا کر گڑیوں کا کھیل کھیلا کرتیں۔ کہیں نہ کہیں سے جوڑ جمع کر کے شبرات کے مہینے میں کریب کا دوپٹہ ساڑھے سات روپے میں خرید ہی ڈالا۔ بات ہی ایسی تھی کہ بغیر خریدے گزارہ نہ تھا۔ بڑے ماموں کا تار آیا کہ ان کا بڑا لڑکا راحت پولس کی ٹریننگ کے سلسلے میں آرہے ہیں۔ بی اماں کو بس ایک دم گھبراہٹ کا دورہ پڑ گیا جانو چوکھٹ پر برات آن کھڑی ہوئی اور انہوں نے اچھی دُلہن کے مانگ کی افشاں بھی نہیں کری۔ ہول

سے تو ان کے چھکّے چھوٹ گئے۔ جھٹ اپنی منہ بولی بہن بندو کی ماں کو بُلا بھیجا کہ'' بہن میرا مری کا منہ دیکھو جو اسی گھڑی نہ آؤ۔''

سوالات :

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ اس کے مصنف کا نام لکھیے۔

(b) کریب کا دوپٹہ کتنے میں خریدا؟

(c) بی اماں نے جھٹ کس کو بُلا بھیجا؟

(d) بڑے ماموں کے تار میں کیا لکھا تھا؟

[یا]

'' میں نے اپنے پوتے کو پیار سے گود میں اُٹھالیا۔ بھولے کا جسم بہت نرم و نازک تھا اور اس کی آواز بہت سریلی تھی۔ جیسے کنول کی پتیوں کی نزاکت اور سپیدی ، گلاب کی سرخی اور بلبل کی خوش الحانی کو اکٹھا کر دیا گیا ہو۔ اگرچہ بھولا میری لمبی اور گھنی داڑی سے گھبرا کر اپنا منہ چومنے کی اجازت نہ دیتا تھا۔ تاہم میں نے زبردستی اس کے سرخ گالوں پر پیار کی مہر ثبت کر دی۔ میں نے مسکراتے ہوئے کہا : '' بھولے-تیرے ماموں جی ..... تیرے ماتا جی کے کیا ہوتے ہیں؟ بھولے نے کچھ تامل کے بعد جواب دیا۔ ماموں جی''۔

سوالات :

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ اس کے مصنف کا نام لکھیے۔

(b) کس نے پیار سے گود میں اُٹھا لیا؟

(c) کس کی آواز سریلی تھی؟

(d) اپنے منہ چومنے کی اجازت کس کو نہیں دیتا تھا؟

2۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجئے : 5

(a) کبری کے لئے شادی کے پیغام کیوں نہیں آتے تھے؟

(b) مایا رنگین کپڑے کیوں نہیں پہنتی تھی؟

(c) ' بھولا ' اس افسانے کا مصنف کون ہے؟

(d) بابا جی لنگڑاتے ہوئے کیوں چل رہے تھے؟

(e) امتیاز علی تاج ایک بہترین افسانہ نگار/مزاح نگار/ تنقید نگار ہیں۔ ان میں سے کون سا ٹھیک ہے؟

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی مکمل تعریف لکھئے اور دو مصنفین کے نام بھی لکھئے : 4

(a) ڈرامہ

(b) ناول

(c) افسانہ

4۔ پریم چند یا راجندر سنگھ بیدی یا سرسید احمد خاں کے حالات زندگی تحریر کیجیے اور ان کے اسلوب پر بھی روشنی ڈالئے۔ 5

5۔ سبق ' اُمید کی خوشی ' یا ' پوس کی رات ' میں سے کسی ایک کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 4

6۔ ڈرامہ ' دروازے کھول دو ' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔ 4

7۔ برج بانو کی کہانی اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔ 4

8۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم دو صفحات کا مضمون لکھئے : 10

(a) بے روزگاری ایک بڑا مسئلہ

(b) بیٹی بچاؤ ، بیٹی پڑھاؤ

(c) تعلیمِ نسواں

(d) میرا پسندیدہ شاعر یا ادیب

(e) کوئی تہوار یا کھیل

9۔ درج ذیل میں سے دو اشعار کی تشریح دونوں حصّوں میں سے بحوالہ شاعر کیجئے : 6

[A]

فطرت کی دی ہوئی مسرت کھو کر
اوروں کو نہ کر ملول غمگین ہو کر
یہ عمر بہرحال گزر جائے گی
ہنس ہنس کے گزار یا رو رو کر

یہ سرزمیں ہے گوتم کی اور نانک کی
اس ارض پاک پہ وحشی نہ چل سکیں گے کبھی
ہمارا خون امانت ہے نسلِ نو کے لئے
ہمارے خون پہ لشکر نہ پل سکیں گے کبھی

10۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجئے : 6

(a) ' استعارہ ' کی وضاحت کیجیے۔

(b) تلمیح سے کیا مراد ہے؟

(c) اردو کے دو ڈرامہ نگاروں کے نام لکھئے۔

(d) ہندوستان کے کوئی دو اہم تہواروں کے نام لکھئے۔

11۔ نظم ' خاکِ وطن ' اور ' نئی تہذیب ' کے شاعروں کے نام لکھئے۔ کسی ایک کا مرکزی خیال بیان کیجئے۔ 6

12۔ مرزا غالب کہاں اور کس سن میں پیدا ہوئے؟ غالب کے اندازِ بیان پر روشنی ڈالئے۔ 4

13۔ کہیں چار نظم کو شعراء کے نام لکھئے۔ 4

14۔ نظم ' نئی تہذیب ' کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھئے۔ 4

15۔ غزل کی تعریف مختصر طور پر لکھئے۔ 4

16۔ مثنوی کی تعریف لکھئے اور کسی دو مثنوی کو شعراء کے نام لکھئے۔ 5

17۔ اپنی پسند کے کوئی دو اشعار لکھئے۔ 4

SECTION—B

حصہ (ب)

OPTION—I

اختیاری — I

18۔	اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معافی کے لئے درخواست لکھئے۔	4
19۔	اپنے اسکول میں یومِ آزادی منائے جانے کی ایک رپورٹ تیار کیجئے۔	4
20۔	اداریہ کون لکھتا ہے؟ اس کی کیا اہمیت ہے؟	2
21۔	سرخیاں اخبارات و رسائل کے لئے کیوں اہم ہیں؟	2
22۔	کمپیوٹر کی میموری میں کون کون سی چیزیں شامل کی جاتی ہیں؟	3

OPTION—II

اختیاری—II

18۔	فیچر کی کوئی تین خصوصیات بتائیے۔	3
19۔	انٹرویو کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟	3
20۔	خبریں کون جمع کرتا ہے؟ نامہ نگار کا کیا رول ہے؟	3
21۔	عوام تک بات پہنچانے میں میڈیا کی دو قسموں کے نام لکھئے۔ ریڈیو کی اہمیت بھی بیان کیجئے۔	4
22۔	دفتری نوٹ کے کیا مقاصد ہوتے ہیں؟	2

***